## ارباب اختیار صوبوں کو پاکستان میں شامل دیکھنا چاہتے ہیں تو صوبوں کو مکمل صوبائی خودمختاری دی جائے ۔الطاف حسین

## سوات،شمالی وجنوبی وزیرستان اور بلوچستان میں آپریشن بند کیا جائے اورافہام وتفہیم سے معاملات کو حل کیا جائے

## سوات کی صورتحال دیکھ کر رونا آتا ہے،سیاحت نہ ہونے کی وجہ سے آج وہاں لوگ بھوکے مررہے ہیں

## بلوچستان کے بیشتر علاقوں میں عوام کے بدن پر کپڑے اور پیروں میں چپل تک نہیں، یہی صورتحال رہی تو نفرتوں میں اضافہ ہوگا

## وفاق اورصوبوں میں متحدہ قومی موومنٹ کی حکومت قائم ہوئی تو کوئی بھی صوبوں کے حقوق پر ڈاکہ نہیں ڈال سکے گا

## کوئٹہ،ڈیرہ مراد جمالی،ایبٹ آباد اور مانسہرہ میں انتخابی جلسوں سے بیک وقت ٹیلیفونک خطاب

لندن ۔۔۔14 فروری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ارباب اختیار سے کہا ہے کہ اگر آپ پاکستان میں تمام قوموں کوایک قوم بنانا چاہتے ہیں اورصوبوں کو پاکستان میں شامل دیکھنا چاہتے ہیں تو تمام صوبوں کو مکمل صوبائی خودمختاری دی جائے ،صوبوں سے نکلنے والے قدرتی وسائل کی رائلٹی صوبوں کو دی جائے ،سوات، شمالی وجنوبی وزیرستان اور بلوچستان میں آپریشن بند کیا جائے اورافہام وتفہیم سے معاملات کو حل کیا جائے ۔انہوں نے کہا کہ جس دن وفاق اورصوبوں میں متحدہ قومی موومنٹ کی حکومت قائم ہوئی تو کوئی بھی صوبوں کے حقوق پر ڈاکہ نہیں ڈال سکے گا۔انہوں نے کہا کہ بڑے بڑے جاگیردار،وڈیرے اورسردارغریبوں کے مسائل حل نہیں کرسکتے بلکہ غریبوں کا خون چوستے رہیں گے،مسائل کے حل اور ملک میں انقلاب لانے کیلئے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام خصوصاً نوجوانوں کو میدان عمل میں آنا ہوگا۔انہوں نے ان خیالات کا اظہار جمعرات کوصوبہ بلوچستان کے شہروں کوئٹہ،ڈیرہ مراد جمالی اورصوبہ سرحد کے شہروں ایبٹ آباد اور مانسہرہ میں انتخابی جلسوں سے بیک وقت ٹیلیفونک خطاب کرتے ہوئے کیا ۔ان جلسوں سے ان شہروں کے لوگوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی ۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک کو قائم ہوئے 60 برس گزر چکے ہیں،اس عرصہ میں مارشل لاء بھی لگے اورمختلف سیاسی ومذہبی جماعتوں کی حکومتیں بھی قائم ہوئیں لیکن آج بھی صوبہ سرحد اور بلوچستان کے ہزاروں علاقے ایسے ہیں جہاں لوگوں کو پینے کا صاف پانی تک میسر نہیں، سڑکیں،اسکول اوراسپتال نہیں ہیں،سرحد اور بلوچستان کے عوام کی اکثریت غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزاررہے ہیں جنہیں ایک وقت کی روٹی میسر آجائے تو وہ شکر کرتے ہیں۔انہوں نے جلسوں میں موجود عوام کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ انتخابات میں مختلف سیاسی ومذہبی جماعتوں کو ووٹ دیتے رہے ہیں لیکن بلوچستان اورسرحد سے منتخب ہونے والوں نے دونوں صوبوں کے غریب عوام کی ترقی وخوشحالی اورانہیں پینے کے صاف پانی اور زندگی کی دیگر بنیادی سہولتوں کی فراہمی کیلئے اقدامات کیوں نہیں کئے ؟انہوں نے کہا کہ جب سرداروں،وڈیروں، جاگیرداروں کی نسل درنسل حکمرانی کا سلسلہ جاری رہے گا تو غریبوں کی بھلائی کیلئے کون سوچے گا؟ غریبوں کے مسائل کے حل کے بارے میں وہی سوچے گا جوغریب طبقے سے تعلق رکھتا ہوگا،جس نے خود غربت دیکھی ہواورمسائل جھیلے ہوں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ واحد جماعت ہے جس نے غریب ومتوسط طبقہ سے جنم لیا اور جس نے غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے پڑھے لکھے افراد کوقومی وصوبائی اسمبلیوں اورسینیٹ کے ایوانوں میں بھیجا۔الطاف حسین نے اپنے بہن بھائیوں کواسمبلیوں میں نہیں بھیجا اورانتخابی ٹکٹوں کا جمعہ بازار نہیں لگایا بلکہ اپنی پارٹی کے محنتی اورقربانیاں دینے والے کارکنوں کوایوانوں میں بھیجا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ صوبہ سرحد اور بلوچستان کے عوام اللہ اوراسکے رسول ؐ کوحاضروناظر جان کر بتائیں کہ جب بھی سرحد اور بلوچستان میں آزمائشوں،آفتوں اورامتحانات کا وقت آیا، یہاں سیلاب،طوفان یازلزلہ آیا تو جو جماعتیں بلوچستان اورسرحد کی مقبول جماعتیں کہلاتی ہیں اوران صوبوں کے حقوق کی بہت باتیں کرتی ہیں وہ ان پریشانیوں کے وقت کہاں غائب ہوگئی تھیں؟ کتنی جماعتیں متاثرین کی امداد کیلئے میدانِ عمل میں تھیں؟ انہوں نے کہا کہ اگر پورے پاکستان سے کوئی جماعت امدادی سامان کے قافلے لیکر اپنے کارکنوں کے ساتھ سرحد اور بلوچستان پہنچی تو وہ صرف اورصرف متحدہ قومی موومنٹ اوراسکے کارکنان وذمہ داران اورحق پرست ارکان تھے جبکہ سرحد اور بلوچستان کے کچھ منتخب ارکان آئے بھی تو وہ اخبارات کیلئے تصویریں بنواکر چلے گئے اورکسی نے متاثرین کی عملی مدد نہیں کی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنان زلزلہ سے متاثرہ ایسے ایسے خطرناک علاقوں میں امداد لیکر پہنچے جہاں جانا خود کوموت کے منہ میں ڈالنا تھا۔انہوں نے کہا کہ اگرمتحدہ قومی موومنٹ غریبوں کی سچی ہمدرد اورانکی عملی خدمت کرنے والی جماعت نہ ہوتی اور بلوچستان اورسرحد کے عوام کواپنا نہ سمجھتی تو کبھی سرحد اور بلوچستان کے متاثرین کیلئے کراچی سے امدادی سامان لیکر نہ جاتی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ صوبہ سرحد اور بلوچستان تیل،گیس اوردیگر قدرتی وسائل کی دولت سے مالا مال ہیں،یہاں سے قدرتی وسائل حاصل تو کئے جاتے ہیں مگرصوبوں کوان وسائل سے کوئی حصہ نہیں دیا جاتا۔ظلم کی انتہا یہ ہے کہ بلوچستان سے نکلنے والی گیس پورے پاکستان میں پہنچ گئی لیکن بلوچستان کے لوگ گیس کی سہولت سے محروم ہیں۔انہوں نے ارباب اختیار سے مطالبہ کیا کہ سرحد اور بلوچستان سے پیدا ہونے والی گیس،تیل اوردیگر معدنیات کی رائلٹی سرحد اور بلوچستان کو دی جائے ۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ بلوچستان اور سرحد میں ایک زمانے میں بڑے بڑے انقلابی تھے

جنہوں نے حقوق کیلئے بڑی قربانیاں دیں لیکن سازشوں کے ذریعے انہیں ختم کردیا گیا اور سرحد اور بلوچستان کو چند خاندانوں کے ہاتھوں میں دیدیا گیا۔انہوں نے بلوچستان اور سرحد کے نوجوانوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ انقلاب آسمان سے فرشتے اتر کر نہیں لاتے ، بڑے بڑے جاگیردار، وڈیرے اور سردار غریبوں کے مسائل حل نہیں کرسکتے بلکہ غریبوں کا خون چوستے رہیں گے، مسائل کے حل اور ملک میں انقلاب لانے کیلئے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام خصوصاً نوجوانوں کو میدان عمل میں آنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ غریب ومتوسط طبقہ کے انقلاب اور فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کی جدوجہد کررہی ہے اور میں صوبہ سرحد اور بلوچستان کے عوام کو یقین دلاتا ہوں کہ اگر ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہوگئے اور وفاق اور صوبوں میں ایم کیوایم کی حکومت قائم ہوگئی کوئی بھی بلوچستان اور سرحد کے حقوق پر ڈاکہ نہیں ڈال سکے گا، پھر نہ کوئی کسی بگٹی کو قتل کرسکتا ہے نہ صوبوں کے وسائل کو لوٹ سکتا ہے اور نہ ہی سرحد اور بلوچستان کو ان کے حقوق سے محروم رکھ سکتا ہے۔ جناب الطاف حسین نے حکومت سے پرزور مطالبہ کیا کہ بلوچستان میں جاری آپریشن کا فی الفور خاتمہ کرکے بلوچستان کے عوام سے بات چیت کی جائے اور معاملات کو افہام وتفہیم سے حل کیا جائے۔اسی طرح سوات، شمالی وجنوبی وزیرستان اور سرحد کے دیگر علاقوں میں بھی آپریشن بند کرکے بات چیت کا آغاز کیا جائے، سرحد اور بلوچستان بھی پاکستان کے صوبے ہیں اور یہاں کے رہنے والے بھی برابر کے پاکستانی ہیں لہٰذا انکے ساتھ پاکستانیوں اور بھائیوں جیسا سلوک کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے حقوق کیلئے جن لوگوں نے اپنی اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا میں انہیں خراج عقیدت پیش کرتا ہوں۔ جناب الطاف حسین نے ارباب اختیار سے کہا کہ اگر آپ پاکستان میں تمام قوموں کو ایک قوم بنانا چاہتے ہیں اور صوبوں کو پاکستان میں شامل دیکھنا چاہتے ہیں تو تمام صوبوں کو مکمل صوبائی خودمختاری دی جائے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان اور سرحد کے بہت سے علاقے ایسے ہیں کہ اگر ان پر توجہ دی جائے اور وہاں ترقیاتی کام کئے جائیں تو میں دعوے سے کہتا ہوں کہ پوری دنیا سے سیاح بلوچستان اور سرحد کا رخ کریں گے۔انہوں نے کہا کہ آج سوات کی صورتحال ٹی وی پر دیکھ کر اور خبریں پڑھ کر رونا آتا ہے کہ جہاں دنیا بھر سے لاکھوں سیاح آتے تھے وہاں آج تباہی ہے، سوات کے عوام کا گزر بسر سیاحت پر تھا مگر سیاحت نہ ہونے کی وجہ سے آج وہاں لوگ بھوکے مر رہے ہیں، یہی حال بلوچستان کے بیشتر علاقوں کا ہے کہ جہاں عوام کے بدن پر کپڑے اور پیروں میں چپل تک نہیں ہے۔اگر ظلم وانصافی اور زیادتیوں کا یہ سلسلہ اسی طرح جاری رہا تو پاکستان میں محبت نہیں نفرتوں میں اضافہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ سرحد اور بلوچستان کے عوام کے بنیادی مسائل حل کئے جائیں، وہاں ترقیاتی کام کرائے جائیں اور یہاں اسکول، کالج، یونیورسٹیاں، اسپتال، میٹرنٹی ہوم اور ڈسپنسریاں قائم کی جائیں۔انہوں نے کہا کہ جس دن سرحد اور بلوچستان میں ایم کیوایم کی حکومت قائم ہوئی تو ان ناانصافیوں کا سلسلہ ختم ہوجائے گا اور عوام کی حالت بہتر بنائی جائے گی۔انہوں نے بلوچستان اور سرحد میں رہنے والی تمام قومیتوں اور قبیلوں سے تعلق رکھنے والے عوام سے کہا کہ وہ متحدہ کے پرچم تلے متحد ہوجائیں تاکہ ظلم وناانصافی کا نظام ختم ہو، صوبوں کی قسمت تبدیل ہو، ملک ترقی کرے اور عوام خوشحال ہوں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم چاہتی ہے کہ ملک میں انصاف کا نظام ہو، صحت اور تعلیم کا نظام یکساں ہو، غریبوں کو بھی تعلیم اور صحت کی وہی سہولتیں حاصل ہوں جو امیروں کو حاصل ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ جو انقلاب لانے کیلئے سچی جدوجہد کرتا ہے اسکے خلاف اسٹیبلشمنٹ، جاگیردار، وڈیرے اور سردار جھوٹے پروپیگنڈے کرتے ہیں تاکہ عوام اس کے خلاف ہوجائیں یہی وجہ ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کے خلاف سب سے زیادہ زہریلا پروپیگنڈہ کیا گیا لیکن سچ کی طاقت یہ ہوتی ہے کہ وہ تمام تر رکاوٹوں کے باوجود ضرور پھیلتا ہے، اس کا ثبوت یہ ہے کہ تمام تر زہریلے پروپیگنڈوں کے باوجود میں ہزاروں میل دور سے بلوچستان اور سرحد میں عوام سے خطاب کررہا ہوں۔انہوں نے جلسوں میں موجود کارکنان وعوام خصوصاً نوجوانوں سے کہا کہ وہ متحدہ کا انقلابی منشور سینہ بہ سینہ پھیلائیں تاکہ انقلاب آئے، فرسودہ نظام ختم ہو اور امیر غریب کا فرق مٹ جائے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کے جن پرعزم کارکنوں نے بلوچستان کی سنگلاخ پہاڑیوں اور سرحد کی وادیوں میں تحریک کا پرچم سربلند کیا اور وہ آج تک ثابت قدم ہیں انہیں دل کی گہرائیوں سے خراج تحسین اور اپنا پیار پیش کرتا ہوں۔

## مولانا اسد دیوبندی اور مولانا سعید قمر قاسمی نے ایم کیوایم کو بھرپور حمایت کی یقین دہانی کرادی
## عزیز آباد میں علمائے کرام کے 12 رکنی وفد کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی ۔۔۔14، فروری 2008ء۔۔۔ پاکستان امن کونسل کے جنرل سیکریٹری مولانا اسد دیوبندی اور انسدادِ فرقہ واریت وقیامِ امن فورم پاکستان کے مرکزی چیئرمین مولانا سعید قمر قاسمی نے علمائے کرام کے 12 رکنی وفد کے ہمراہ ایم کیوایم کے مرکز واقع عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات کی اور آئندہ انتخابات میں ایم کیوایم کی بھرپور حمایت کا یقین دلایا۔علمائے کرام نے رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب اور رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب احمد بخاری سے ملاقات کی۔اس موقع پر ایم کیوایم علماء کمیٹی کے اراکین مولانا شاہ فیروز الدین رحمانی، انور رضا اور ناصر یامین بھی موجود تھے۔ ملاقات میں علمائے کرام نے ایم کیوایم اور جناب الطاف حسین کی جانب

سے قیام امن اور فرقہ واریت کے خاتمے کیلئے عملی کاوشوں کو سراہا اور حق پرست قیادت کی جانب سے کرائے گئے ترقیاتی کاموں کو مثالی قرار دیا۔اس موقع پر علمائے کرام نے آئندہ عام انتخابات میں حق پرستوں کی کامیابی پر جناب الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کے ارکان کو پیشگی مبارکباد پیش کی۔ بعدازاں علمائے کرام نے جناب الطاف حسین کی درازی عمر،صحت وتندرستی اور حق پرست امیدواروں کی بھاری اکثریت سے کامیابی کیلئے خصوصی دعا بھی کرائی۔

## ایم کیوایم نے اقتدار کے بغیر بھی عوام کی خدمت کی ہے،نثار پہنور
## جعفر طیار سوسائٹی میں گلگتی برادری کی انتخابی کارنر میٹنگ سے خطاب

کراچی۔۔۔14،فروری2008ء۔۔صوبائی اسمبلی کے حلقہ 127 کی نشست پر متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار نثار پنہور نے کہا ہے کہ عوامی خدمت کیلئے ایم کیوایم اقتدار کی محتاج نہیں ہے اور اس نے اقتدار کے بغیر بھی بلاامتیاز وتفریق عوامی خدمت کے ریکارڈ قائم کئے ہیں۔ یہ بات انہوں نے اپنے حلقہ انتخاب کے علاقے جعفر طیار سوسائٹی میں منعقدہ انتخابی کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس میں گلگتی برادری کے نوجوانوں، بزرگوں اور خواتین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ نثار پہنور نے کہا کہ ایم کیوایم کی منزل ملک بھر کے 98 فیصد غریب ومظلوم عوام کے حقوق کا حصول ہے اور جب تک ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام ختم نہیں ہوجاتا ایم کیوایم کی پرامن جدوجہد جاری رہے گی۔

## سندھ دھرتی کے جائز حقوق کی جدوجہد جاری رہے گی،وسیم احمد
## لیاقت مارکیٹ ملیر میں منعقدہ تاجر برادری کی انتخابی کارنر میٹنگ سے خطاب

کراچی۔۔۔14،فروری2008ء۔۔۔صوبائی اسمبلی کے حلقہ 121 کی نشست پر متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار وسیم احمد نے کہا ہے کہ ایم کیوایم سندھ دھرتی کے جائز حقوق کیلئے جدوجہد کرتی رہے گی۔ یہ بات انہوں نے لیاقت مارکیٹ ملیر میں منعقدہ تاجر برادری کی کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ وسیم احمد نے کہا کہ صوبہ سندھ،وفاق کو 70 فیصد ریونیو دیتا ہے لیکن اس کے باوجود سندھ کو اس کا جائز حصہ نہیں دیا جاتا۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم سندھ دھرتی کے جائز حقوق کے حصول کی جدوجہد کررہی ہے۔ کالاباغ ڈیم،این ایف سی ایوارڈ اور پانی کی تقسیم کے معاملے پر ایم کیوایم نے سندھ کے عوام کی خواہشات اور امنگوں کے مطابق اصولی مؤقف اختیار کیا ہے۔

## عوام کو جھوٹی تسلیوں اور کھوکھلے نعروں کی ضرورت نہیں ہے،عبدالرشید گوڈیل
## پی آئی بی کالونی کے منوں گوٹھ،داؤد کالونی اور سوسائٹی میں گھر گھر رابطہ مہم اور کارنر میٹنگوں سے خطاب

کراچی۔۔۔14،فروری2008ء۔۔۔قومی اسمبلی کے حلقہ 252 کی نشست پر متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار عبدالرشید گوڈیل نے کہا ہے کہ عوام کو جھوٹی تسلیوں اور نعروں کی نہیں بلکہ عوام کی فلاح وبہبود کیلئے عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ یہ بات انہوں نے پی آئی بی کالونی میں منوں گوٹھ،داؤد کالونی اور سوسائٹی میں گھر گھر عوامی رابطہ مہم اور مختلف کارنر میٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ رشید گوڈیل نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ اس نے نمود ونمائش کے بجائے خلق خدا کی عملی خدمت پر توجہ دی ہے اور آج حق پرست نمائندے عوام کے سامنے جانے میں فخر محسوس کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کرپشن،لوٹ مار اور پلاٹ پرمٹ کی سیاست کے خلاف ہے اور یہی وجہ ہے کہ قومی لٹیروں نے ایم کیوایم کے خلاف محاذ بنا رکھا ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے عوام جان چکے ہیں کہ قومی خزانہ لوٹنے والے کون ہیں اور 18، فروری کو ملک بھر کے عوام قومی لٹیروں کا بھرپور احتساب کریں گے۔

## ایم کیوایم کا نظریہ عوام میں مقبول ہوچکا ہے،سید سردار احمد
## حلقہ انتخاب میں معززین سے ملاقات اور کارنر میٹنگوں سے خطاب

کراچی ۔۔۔14، فروری 2008ء۔۔۔صوبائی اسمبلی کے حلقہ 116 کی نشست پر متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار سید سردار احمد نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ عوام کو روٹی، کپڑا اور مکان دینے کے سبز باغ دکھانے کے بجائے عملی طور پر ان کی ترقی وخوشحالی کیلئے کوشاں ہے۔ یہ بات انہوں نے انتخابی مہم کے سلسلے میں بکہ ریسٹورنٹ گلشن اقبال، پولیس کوارٹرز سوسائٹی اور سی پی برار سوسائٹی میں معززین سے ملاقات اور کارنر میٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ سید سردار احمد نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اپنے عملیت پسندی اور حقیقت پسندی کے نظریہ کی وجہ سے عوام میں بے انتہا مقبول ہوچکی ہے اور اب سازشوں سے حق پرستی کی جدوجہد کو ختم نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ مفاد پرست سیاستدانوں نے قومی خزانہ سے اربوں کھربوں روپے کے قرضے لیکر اپنی صنعتوں، غیر ملکی بینک جمع کرائی گئی دولت، ملک اور بیرون ملک میں محلات اور جائیدادیں بنائیں جبکہ غریب عوام کو روٹی، کپڑے اور مکان کیلئے ترساتے رہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے عوام جان چکے ہیں جاگیردار اور وڈیرے ان کے مسائل حل نہیں کرسکتے اور اب کوئی مفاد پرست سیاستداں باشعور عوام کو بے وقوف نہیں بنا سکتا۔

## ایم کیوایم خواتین کے حقوق کی ضمانت ہے، حق پرست امیدواران

## ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ، منظر امام اور مظاہر امیر خان کا اورنگی ٹاؤن میں خواتین کی کارنر میٹنگ سے خطاب

کراچی ۔۔۔14، فروری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے این اے 242 ڈاکٹر عبدالقادر خانزادہ، برائے پی ایس 95 منظر امام اور برائے پی ایس 96 مظاہر امیر خان نے کہا ہے کہ ایم کیوایم خواتین کے حقوق کی ضمانت ہے اور اقتدار میں آکر خواتین کے خلاف سیاہ قوانین کا خاتمہ کردے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اورنگی میں منعقدہ خواتین کی ایک بڑی کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ حق پرست امیدواران نے کہا کہ ملک میں رائج فرسودہ نظام کے باعث آج بھی خواتین کو کمتر سمجھا جاتا ہے اور انہیں زندہ رہنے اور زندگی گزارنے کے بنیادی حق سے محروم رکھا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم خواتین کے خلاف امتیازی سلوک کے خلاف ہے اور خواتین کو زندگی کے ہر شعبہ میں برابری کی نمائندگی دینا چاہتی ہے۔ انہوں نے حق پرست خواتین سے اپیل کی کہ وہ 18 فروری کے دن اپنے ووٹ کا استعمال لازمی کریں اور حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں۔

## شیخ صلاح الدین اور امام الدین شہزاد نے ہارٹ ڈیزیز اسپتال ایف بی ایریا کا دورہ کیا

## مریضوں کو الطاف حسین کی جانب سے گلدستے پیش کئے

کراچی ۔۔۔14، فروری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے این اے 244 شیخ صلاح الدین اور برائے پی ایس 102 امام الدین شہزاد نے فیڈرل بی ایریا میں واقع ہارٹ ڈیزیز اسپتال کا دورہ کیا اور اسپتال میں زیر علاج مریضوں کی عیادت کی۔ اس موقع پر حق پرست امیدواران نے مریضوں کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے گلدستے پیش کئے اور ان کی خیریت دریافت کی۔ وہ کچھ دیر تک مریضوں کے ساتھ رہے اور انہوں نے اسپتال میں زیر علاج مریضوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔ اس موقع پر مریضوں نے حق پرست امیدواروں کا شکریہ ادا کیا اور آئندہ انتخابات میں حق پرست امیدواروں کی کامیابی اور جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں کیں۔

## حق پرست امیدواران نے فیڈرل بی ایریا کی غریب آبادی میں سینکڑوں کمبل تقسیم کئے

کراچی ۔۔۔14، فروری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج وحق پرست امیدوار برائے پی ایس 106 انور عالم نے فیڈرل بی ایریا کی غریب آبادی میں مستحق افراد میں سینکڑوں کی تعداد کمبل تقسیم کئے۔ اس موقع پر حق پرست امیدواران سفیان یوسف، خالد بن ولایت اور ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔ غریب ومستحق افراد نے شدید سرد موسم میں گرم کمبل کے عطیات پر جناب الطاف حسین سے دلی تشکر کا اظہار کیا اور ان کی صحت وسلامتی کیلئے دعائیں کیں۔ اس موقع پر مستحقین سے گفتگو کرتے ہوئے انور عالم نے کہا کہ ایم کیوایم دکھی انسانیت کی عملی خدمت پر یقین رکھتی ہے اور اپنی بساط کے مطابق مستحقین کی مدد کررہی ہے۔

## کل نارتھ کراچی، اورنگی ٹاؤن اور شاہ فیصل کالونی میں ایم کیو ایم کے انتخابی جلسے ہوں گے

## انتخابی جلسوں سے الطاف حسین بیک ٹیلی فونک خطاب کریں گے

کراچی ۔۔۔14، فروری 2008ء۔۔۔الیکشن 2008ء کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام کل بروز جمعہ مورخہ 15 فروری کو کراچی کے 3 مقامات پر بڑے انتخابی جلسے منعقد ہوں گے جن سے قائد تحریک جناب الطاف حسین بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے ۔ یہ انتخابی جلسے نارتھ کراچی میں پاور ہاؤس، اورنگی ٹاؤن میں جرمن اسکول گلشن بہار سیکٹر 16 اور شاہ فیصل کالونی میں شاہ فیصل کالونی نمبر 2 گرین بیلٹ کے مقامات پر منعقد ہوں گے جن میں نارتھ کراچی، نیو کراچی، سرجانی ٹاؤن، اورنگی ٹاؤن، قصبہ علی گڑھ، ملیر، شاہ فیصل کالونی، ایم کیو ایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی اور کراچی مضافاتی کمیٹی کے کارکنان و ہمدرد عوام کے علاوہ ان علاقوں سے ایم کیو ایم کے نامزد حق پرست امیدواران شرکت کریں گے۔ انتخابی جلسوں کے سلسلے میں شہر کے مختلف علاقوں میں ریلیاں نکالی جارہی ہیں جس کے باعث شہر میں زبردست جوش وخروش دیکھنے میں آرہا ہے۔

## عوام آئندہ انتخابات میں اپنا ووٹ ضرور استعمال کریں، شاہد لطیف

## خواتین پولنگ ایجنٹس کے تربیتی پروگرام سے خطاب

کراچی ۔۔۔14، فروری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف نے کہا ہے کہ عوام اپنے ووٹ کا حق ضرور استعمال کریں اور ووٹ کی طاقت کے ذریعے جمہوریت کا راستہ روکنے والے عناصر کی سازشوں کو ناکام بنادیں ۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں خواتین پولنگ ایجنٹوں کے تربیتی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے جس میں خواتین نے کثیر تعداد میں شرکت کی ۔شاہد لطیف نے کہا کہ بعض عناصر ملک میں خوف و دہشت کی فضا پیدا کر کے جمہوری اداروں کی ترقی کا راستہ روکنا چاہتے ہیں لہٰذا ملک بھر کے عوام پر لازم ہے کہ وہ اپنے اتحاد کی طاقت سے جمہوریت کے خلاف ہونے والی سازشوں کو ناکام بنادیں ۔شاہد لطیف نے خواتین پولنگ ایجنٹس پر زور دیا کہ وہ اپنے فرائض پوری ذمہ داری سے انجام دیں۔

## ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر کے کارکن ذوالفقار کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن ۔۔۔14، فروری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 73 کے کارکن ذوالفقار کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے ۔(آمین)

## ایم کیو ایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔14، فروری 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یوٹ 73 کے کارکن ذوالفقار، ایم کیو ایم سانگھڑ زون یونٹ سنجھورو کے یونٹ انچارج مطلوب حسین کے والد محمد شبراتی، ایم کیو ایم گلستان جوہر یونٹ A کے کارکن ایس ایم ضمیر الحق کے والد حافظ محمد حسیب الحق اور ایم کیو ایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 07 کے کارکن ارشد کی والدہ محترمہ حاجرہ بی بی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ۔ (آمین)

## یورپی مبصرین کے دورکنی وفد کی خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات

کراچی ۔۔۔14، فروری 2008ء (اسٹاف رپورٹر)۔۔۔ آئندہ انتخابات کا جائزہ لینے کیلئے ان دنوں پاکستان کے دورہ پر آئے یورپی مبصرین کے ایک دو رکنی وفد نے جمرات کے روز عزیز آباد کے خورشید بیگم میموریل ہال میں متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات کی ۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری، سابق حق پرست رکن قومی اسمبلی کنور خالد یونس اور ایم کیو ایم کے مرکزی الیکشن سیل کے انچارج توصیف خانزادہ بھی موجود تھے ۔یورپی یونین کے وفد میں شامل مبصرین مائیکل گاہلر اور مارین گیبریل نے ایم کیو ایم کے رہنماؤں سے آئندہ انتخابات اور اس حوالے سے متحدہ قومی موومنٹ کی تیاریوں، ملک کی موجودہ سیاسی و امن امان کی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ بعدازاں انہوں نے ایم کیو ایم کے مرکزی الیکشن سیل کا دورہ کیا اور الیکشن کے حوالے سے معلومات حاصل کیں اور اس حوالے سے دیگر

امور پر گفتگو کی۔

## درگاہ اوچ شریف بہاولپور کے سجادہ نشین مخدوم سید نفیس الحسن بخاری نے آئندہ انتخابات میں ملک بھر سے حق پرست امیدواروں کی مکمل حمایت کا اعلان کر دیا
## خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی ۔۔۔14 فروری 2008ء (اسٹاف رپورٹر)۔۔۔ درگاہ اُوچ شریف بہاولپور کے سجادہ نشین مخدوم سید نفیس الحسن بخاری نے آئندہ انتخابات میں ملک بھر سے حصہ لینے والے حق پرست امیدواروں کی مکمل حمایت کا اعلان کیا ہے اور فیصلہ کیا ہے کہ وہ اپنی خانقاہوں سے نکل کر متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدواروں کے حق میں ووٹ ڈالنے کیلئے ملک بھر کے عوام میں راہ ہموار کریں گے اور ایم کیو ایم کے منشور اور پروگرام کا پرچار کریں گے۔ یہ اعلان انہوں نے جمرات کے روز عزیز آباد کے خورشید بیگم میموریل ہال میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سید شعیب احمد بخاری اور درگاہ قلندر لال شہباز سہون شریف کے سجادہ نشین سید محمد مراد شاہ لکیاری اور ایم کیو ایم کی علماء کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔سجادہ نشین مخدو سید نفیس الحسن بخاری نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم غیر سیاسی لوگ ہیں اور ہمارا روحانی سلسلہ ہے، بہت ساری سیاسی جماعتوں نے ہم سے اپنے امیدواروں کی حمایت کرنے کو کہا ہے لیکن ہم نے متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدواروں کی حمایت کرنے کا بہت سوچ سمجھ کر فیصلہ کیا ہے، یہ ہمارا کوئی فوری فیصلہ نہیں ہے بلکہ جب ہمیں معلوم ہوا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین علماء گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں، ان کے دادا اور نانا اپنے زمانے کے جید عالم اور ولی اللہ تھے پھر ہم نے الطاف حسین کی تقاریر بھی سنیں، وہ ایسے تقریر کرتے ہیں جیسے کوئی ولی اللہ بول رہا ہے، ہم نے پوری تحقیق اور تجزیئے کے بعد ایم کیو ایم کی مکمل حمایت کا فیصلہ کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم خدمت خلق پر یقین رکھتی ہے، ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال بھی عوام کی خدمت کر رہے ہیں یہی وہ مقصد ہے جس کیلئے اللہ تعالیٰ نے انسان کو دنیا میں بھیجا۔ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ ایم کیو ایم میں صرف میرٹ کی بنیاد پر فیصلے کئے جاتے ہیں ہم نے اس کا بھی ذاتی طور پر امتحان لیا ہے، ایک مسئلے میں ایم کیو ایم کے ایک ذمہ دار کے بجائے ہمارے ایک آدمی کے حق میں فیصلہ کیا یہی وجہ ہے کہ اپنی خانقاہوں سے باہر نکلنے کا فیصلہ کیا تا کہ حق پرست امیدواروں کو کامیاب کرایا جائے، ہمارے اس عمل سے انشاء اللہ دنیا میں اسلام کا بھی بول بالا ہوگا۔آخر میں شعیب بخاری نے معزز مہمانوں کی نائن زیرو آمد اور حق پرست امیدواروں کی حمایت کے اعلان پر ان کا شکریہ ادا کیا جبکہ درگاہ سہون شریف کے سجادہ نشین سید محمد مراد شاہ لکیاری نے دعا کرائی۔

☆☆☆☆☆